Urdu

PRINCE WILLIAM COUNTY PUBLIC SCHOOLS
LAUNCHING THRIVING FUTURES

# والدین جاننا چاہتے ہیں کہ......

**پیرنٹ ریسورس سینٹر کیا ہے؟**
اس کا آغاز 1983 میں ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا سپرنگ فیلڈ، ورجینیا کے پیرنٹ ایجوکیشنل ایڈوکیسی ٹریننگ سینٹر (PEATC) ، کے اشتراک سے ہوا۔ پیرنٹ ریسورس سنٹرز (PRCs) کا آغاز، خصوصی ضروریات والے بچوں کے والدین اور اساتذہ کو تعاون، تربیت اور معلومات فراہم کرنے کے لیے کیا گیا تھا ۔PWCS کا پیرنٹ ریسورس سنٹر نومبر 1992 سے کام کر رہا ہے اور خصوصی ضروریات والے بچوں کے والدین اور ماہرین تعلیم کے مابین مثبت تعلقات کو فروغ دینے کیلئے کام کرتے ہیں۔

**پیرنٹ ریسورس سنٹر کی خدمات سے کون کون مستفید ہو سکتا ہے؟**
والدین اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے اور معذور نوجوانوں کے ساتھ ساتھ سکول کے عملہ اور دلچسپی رکھنے والے افراد کو پیرنٹ ریسورس سینٹر میں فون کرنے، آنے یا ای- میل کے ذریعے رابطہ کرنے کی دعوت دی جاتی ہے۔

**پیرنٹ ریسورس سنٹر کس قسم کی خدمات پیش کرتے ہیں؟**

- والدین کی پریشانیوں کو سن کر ان کی معاونت کرتا ہے
- والدین کو خصوصی بچوں کے تعلیمی عمل کے بارے میں بتاتا ہے
- سکول اور کمیونٹی کو مقامی، ریاستی اور قومی ایجنسیوں کے وسائل کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے
- خصوصی بچوں کی تعلیم، مختلف معذوریوں اور والدین کی ذمہ داریوں جیسے موضوعوں سے متعلق عنوانات پر ادھار دینے والی لائبریری کا انتظام کرتے ہیں
- خصوصی ضروریات والے طلباء کی سمر کیمپ فہرست
- اہل خانہ اور ماہرین تعلیم کیلئے ورکشاپ فراہم کرتے ہیں خاص طور سے کمیونٹی کے اندر والد والدہ اور سکول کو

**براہ مہربانی نوٹ کیجیئے: پیرنٹ ریسورس سنٹروں کو مقامی سکول ڈسٹرکٹ کی طرف سے کسی حد تک معاونت حاصل ہے۔ عملہ خدشات اور مسائل کے حل کیلئے والدین کے ساتھ کام کرتا ہے۔ تاہم وہ باضابطہ ثالث یا ضابطے کی کارروائی کیلئے کام نہیں کرتے۔ ضروت پڑنے پر وہ والدین کو مقامی یا ریاست کی وکالتی تنظیوں کے پاس بھیجتے ہیں۔**

**میں سینٹر سے کیسے رابطہ کروں؟**
آپ پیرنٹ ریسورس سنٹر کو **703.791.7935** پر فون کرسکتے ہیں یا **Eleanor Contreras**، پیرنٹ ریسورس سپیشلسٹ کو contreem@pwcs.edu پر ای میل کرسکتے ہیں۔
آپ لائبریری سے چیزیں ادھار لینے کیلئے پیرنٹ ریسورس سنٹر میں پیر تا جمعہ صبح 8 تا 4:30 بجے آ سکتے ہیں۔ ریسورس سپیشلسٹ سے ملنے کیلئے بہتر ہے کہ پہلے سے وقت لیا جائے تاکہ ملاقات ممکن ہو سکے۔ معمول کے اوقات کے علاوہ ملاقات کیلئے پہلے سے وقت لینا لازمی ہے۔ درخواست کرنے پر آپ کو اشاروں کی زبان اور آپ کی زبان میں مترجم کی سہولت دستیاب ہے۔